106460 ـ روزے دار کا کثرت سے نہانا

سوال

رمضان المبارک میں روزے کی حالت میں کئی بار نہانے اور ہر وقت ائرکنڈیشن کے سامنے بیٹھ رہنے کا حکم کیا ہے کیونکہ ائرکنڈیشن سے رطوبت خارج ہوتی ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

" یہ جائز ہے، اور اس میں کوئی حرج نہیں، رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم روزے کی حالت میں پیاس اور گرمی کی بنا پر اپنے سر پر پانی ڈالا کرتے تھے.

اور ابن عمرو روزے کی حالت میں اپنے کپڑے گیلے کیا کرتے تھے تا کہ گرمی کی شدت یا پیاس کم ہو جائے.

رطوبت روزے پر اثرانداز نہیں ہوتی، کیونکہ وہ پانی نہیں جو معدہ میں پہنچتا ہے " انتہی

فضیلۃ الشیخ محمد بن عثیمین رحمہ اللہ.